پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
RESERVE BANK OF INDIA
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 222266 0502 فیکس: 91 22 22660358

۲۳/جنوری ۲۰۱۴ء

۲۰۰۵ سے پہلے کے جاری نوٹوں کو واپس لیا جائے گا: ریزروبینک کی اڈوائزری

ریزروبینک آف انڈیا نے آج صلاح دی ہے کہ ۲۰۰۵ سے پہلے کے جاری نوٹوں کو ۳۱/مارچ ۲۰۱۴ء کے بعد پورے طور سے چلن سے واپس لے لیا جائے گا یکم/اپریل ۲۰۱۴ء سے عوام کو بینکوں سے ان نوٹوں کو بدلنے کے لئے رابطہ قائم کرنا پڑے گا۔ بینکیں اگلی اطلاع تک ان نوٹوں کو بدلنے کی سہولت فراہم کریں گی۔ ریزروبینک نے مزید کہا ہے کہ عوام واپس ہونے والے نوٹوں کو آسانی سے پہچان سکتے ہیں کیوں کہ ۲۰۰۵ء سے پہلے جاری ہونے والے نوٹوں پر ان کے پیچھے کی طرف پرنٹنگ کی تاریخ نہیں ہے (برائے مہربانی نیچے نمونہ کو دیکھیں)۔

ریزروبینک نے یہ وضاحت بھی کی ہے کہ ۲۰۰۵ء سے پہلے جاری ہونے والے نوٹ قانونی ٹنڈر بنے رہیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ بینکیں ایسے نوٹوں کو اپنے صارفین سے اور غیر صارفین سے بھی بدلنے کے لئے لے سکیں گی۔ لیکن یکم/جولائی ۲۰۱۴ء سے ۵۰۰/روپیہ اور ۱۰۰۰/روپیہ کے نوٹوں کو ۱۰/عدد سے زیادہ بدلنے کے لئے غیر صارفین کو اپنی پہچان اور رہائش کا ثبوت اس بینک برانچ کو فراہم کرنا ہوگا جہاں سے وہ نوٹوں کو بدلنا چاہتے ہیں۔

ریزروبینک نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ دہشت میں نہ آئیں ان سے استدعا ہے کہ وہ نوٹ بدلنے کے طریقۂ کار میں اپنا بھرپور تعاون دیں۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ جنرل منیجر

پریس ریلیز 2013-2014/1472

نمونہ

تصویر: 1 بینک نوٹ جس پر پرنٹنگ کا سال نہیں دکھائی دے رہا ہے اور اس کو ۳۱/مارچ ۲۰۱۴ء کے بعد
واپس لے لیا جائے گا

تصویر: 2 بینک نوٹ جس پر پرنٹنگ کا سال دکھائی دے رہا ہے اور اس لئے کو
واپس نہیں لیا جائے گا